مثنوی، افسانہ، ناول اور ڈرامہ وغیرہ کا ارتقا بیان کیا گیا ہے۔ لیکن کتاب اس درجہ مختصر ہے کہ کسی اسکول ٹیچر کے نوٹ معلوم ہوتے ہیں۔

داستانِ چند :- از جناب راز چاندپوری۔ مرحوم تقطیع خورد

ضخامت ۲۷ ۱ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت -/۲ پتہ نسیم بکڈپو لاٹوش روڈ، لکھنؤ۔

مصنف اُردو زبان کے معروف ادیب اور شاعر ہیں۔ حضرت سیماب اکبرآبادی کے خاص اور نہایت بے تکلف دوستوں میں تھے۔ اور برسوں تک آگرہ میں ساتھ بھی رہے تھے۔ اس بنا پر سیماب صاحب مرحوم کی شخصیت شاعری اور ان کے دوسرے سوانح حیات کے متعلق ان کے پاس خطوط پرانے رسالوں اور اپنی یادداشتوں کا ایک ایسا ذخیرہ موجود تھا جو کسی اور کے پاس مشکل سے ہوگا۔ یہ کتاب انہیں یادداشتوں پر مشتمل ہے اس کے بعض بیانات سے سیماب صاحب کے بعض خاص شاگردوں کو صدمہ ضرور ہوگا۔ لیکن بہرحال اس کی تاریخی اہمیت مسلم ہے۔

حیاتِ ذاکر حسین

مؤلفہ: خورشید مصطفیٰ صاحب رضوی

صدر جمہوریہ ہند جناب ذاکر حسین خاں کی خدمات علم و ایثار و قربانی سے بھرپور زندگی کی کہانی جس پر پروفیسر رشید احمد صاحب صدیقی نے پیش لفظ تحریر فرمایا اور اس کتاب کو قابلِ رشک و تحسین قرار دیا ہے۔

یہ کتاب متعدد انگریزی، اردو کی کتابوں، ملکی اور غیر ملکی رسائل و اخبارات کی چھان بین کے بعد قلمبند کی گئی مسلم یونیورسٹی علیگڑھ کی تاریخ کے "اہم دور" یعنی ذاکر صاحب کے زمانہ کے حالات و واقعات سے مستند ترین حوالوں اور خود ذاکر صاحب سے متعدد ملاقاتوں کی روشنی میں پہلی بار پردہ اٹھایا گیا ہے۔

کتابت طباعت اور کاغذ بہتر، سائز متوسط ۳۰×۲۰ پارچہ کی عمدہ جلد قیمت آٹھ روپے

مکتبہ برہان، اردو بازار، جامع مسجد دہلی ۶